Pratham

وزیراعظم

ہندوستانی آئین کے مطابق وزیراعظم کی نامزدگی صدر جمہوریہ کے ذریعہ کی جاتی ہےلیکن صدر جمہوریہ کوصرف اسی شخص کووزیراعظم کے لیے نامزد کرنا پڑتا ہے جولوک سبھا میں اکثریت حاصل کرنے والی پارٹی کالیڈر ہونے کے ساتھ ساتھ اس کو پارلیمنٹ کا رکن ہونا بھی ضروری ہے۔ اگر وہ اپنی نامزدگی کے وقت رکن نہ ہوتو اس کو اپنے وزیراعظم نامزد ہونے کی مدت سے 6 ماہ کے اندر رکنیت حاصل کرنا ضروری ہے۔ وزیراعظم وفاقی حکومت کا سب سے زیادہ طاقتور عہدہ ہے۔ وزیراعظم کے ہی مشورے سے صدر جمہوریہ کابینہ کے اراکین کومقرر کرتا ہے۔ اوران میں عہدے تقسیم کرتا ہے۔ وہ کابینہ کے اجلاس کی صدارت کرتا ہےاوراس کے فیصلہ سے صدر جمہوریہ کو آگاہ کرتا ہے۔ وزیراعظم ،صدر جمہوریہ اورمجلس وزراء کے بیچ ایک کڑی کا کام کرتا ہے۔ وہ صدر جمہوریہ کولوک سبھا برخواست کرنے اور پھر سے انتخابات کروانے کی سفارش کرسکتا ہے۔ وزیراعظم منصوبہ بندی اورقومی ترقی کونسل کا سابقہ عہدہ دار ہوتا ہے۔ وہ انٹرنیشنل کانفرنس میں سرکار کی نمائندگی کرتا ہے۔

وزیراعظم کی اہلیت :(1) وہ ہندوستانی شہری ہو۔(2) اس کی عمر کم ازکم 25 سال ہو۔ (3) وہ ملازم سرکار نہ ہو۔(4) عدالت نے اس کو پاگل یا دیوانہ یا دیوالیہ قرار نہ دیا ہو۔

.1 خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

وزیراعظم کی دوخصوصیات .1 ☐

.2 ☐

وزیراعظم کونامزد کرنے والا۔ ☐

.2 جوابات دیجئے۔

.1 وزیراعظم بننے کے لیے دوصلاحیتیں: .1.................................2.......................................

.2 وزیراعظم نامزدگی کے وقت اگر پارلیمنٹ کاممبرنہیں ہےتو کیا کرنا پڑتا ہے؟

.3 وزیراعظم کے کام لکھئے؟

.4 صدر جمہوریہ کی طرف سے وزیراعظم کی نامزدگی کس طرح کی جاتی ہے؟

.3 ایک لفظ میں جواب لکھئے۔

.1 صدر جمہوریہ اوروزیراعظم کی کڑی..

.2 (سندھی) سرکار کا سب سے طاقتور عہدہ ....

.3 وزیراعظم کے سابق عہدہ داران1. .... .2 ....

.4 بین الاقوامی کانفرنسوں میں وزیراعظم کا تعاون: ....